غانا کے احمدی اپنے ملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے دردوالحاح سے دعائیں کریں

خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۹؍اگست ۱۹۸۰ء بمقام سالٹ پانڈ (غانا)

حضور نے تشہد وتعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد انگریزی میں بہت ایمان پرور اور بصیرت افروز خطبہ ارشاد فرمایا جس کا مکرم عبدالوہاب بن آدم وہاں کی مقامی زبان میں ساتھ کے ساتھ ترجمہ احباب کو سناتے رہے۔

حضور نے قرآن مجید کی رو سے اس امر پر روشنی ڈالی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے احمدیوں کو ایمان حقیقی کی دولت سے مالا مال فرمایا ہے اور ان کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی نگاہ میں سچے اور حقیقی مومن ہیں۔ حقیقی ایمان، اس کی کیفیات اور ثمرات کو تفصیل سے واضح کرنے کے بعد حضور نے احمدی مردوں، عورتوں، نوجوانوں اور نیشنل امیر جناب عبدالوہاب بن آدم کو علیحدہ علیحدہ مخاطب کر کے انہیں ان کی اہم اور عظیم ذمہ داریاں یاد دلائیں اور ان کی کما حقہٗ ادائیگی کے سلسلہ میں بیش بہا نصائح سے سرفراز فرمایا۔ اور غانا کے احمدیوں کو خاص طور پر توجہ دلائی کہ وہ اپنے ملک کی اقتصادی بحالی اور ترقی وخوشحالی کے لئے ہر روز پانچوں نمازوں میں بہت دور والحاح سے دعائیں کریں۔ نیز حضور نے بلاتفریق مذہب وملت غانا کے ان طلباء کے لئے جو

اہلیت کی بناء پر اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے پاکستان آنا چاہیں چار وظائف کا اعلان فرمایا اور آخر میں احبابِ غانا کو بہت بیش قیمت دعاؤں سے نوازا۔

(دورہ مغرب صفحہ ۴۲۹، ۴۳۰)

❁❁❁